سابق آسٹریلوی کرکٹر کی پاکستانی کرکٹ ٹیم پر تنقید

سڈنی (یو این آئی) سابق آسٹریلوی کرکٹر لیسا اسٹھالیکر نے پاکستان کی ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں کارکردگی پر شدید تنقید کی ہے۔ سابق آسٹریلوی کرکٹر لیسا اسٹھالیکر نے ایک پروگرام میں پاکستان کی ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں کارکردگی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور نیوزی لینڈ کی ٹیموں نے ورلڈ کپ میں بہت مایوس کیا۔ لیسا اسٹھالیکر نے کہا کہ پاکستان ہندوستان کے خلاف میچ دباؤ کی وجہ سے ہارا، اور ٹیم کی ناکامی کی وجہ سینئر کھلاڑیوں کا پرفارم نہ کرنا تھا، پاکستانی ٹیم کنڈیشنز سے بھی ہم آہنگ نہ ہوسکی۔ لیسا اسٹھالیکر کا کہنا تھا کہ پاکستان کو ہرا کر سپر ایٹ میں کوالیفائی کرنا امریکہ کی بڑی کامیابی تھی، امریکہ کی پاکستان کے خلاف فتح نے نیویارک میں کرکٹ کی دھوم مچادی، باسکٹ بال کے کھلاڑیوں نے بھی امریکہ کی کامیابی پر تبصرے کیے۔ آپ کو بتادیں کہ ورلڈ کپ میں شرمناک کارکردگی کے بعد پی سی بی کئی سخت فیصلے لینے کے لیے تیار ہے۔

ہم کسی بھی تبدیلی کے لیے تیار ہیں: روہت

افغانستان کے خلاف گیند بازوں کی کارکردگی سے ٹیم انڈیا کے کپتان مطمئن

برج ٹاؤن (ایجنسیاں) ہندوستان نے ٹی 20 ورلڈ کپ 2024 میں اپنا پہلا سپر 8 میچ افغانستان کو شکست دے کر جیت لیا ہے۔ کینسنگٹن اوول میں کھیلے گئے میچ کو ٹیم انڈیا نے 47 رنز سے جیت لیا۔ روہت شرما کی ٹیم کی ٹورنامنٹ میں 5 میچوں میں یہ چوتھی جیت ہے۔ ایک میچ بارش کی وجہ سے منسوخ کر دیا گیا۔ افغانستان جس نے ٹورنامنٹ میں اچھی شروعات کی تھی، اسے مسلسل دوسری شکست کا سامنا کرنا پڑا ہے۔

ہندوستانی کپتان روہت شرما نے میچ کے بعد کہا کہ وہ جانتے ہیں کہ ہندوستان کی باؤلنگ لائن اپ اس اسکور کا دفاع کرے گی۔ روہت نے میچ کے بعد کہا، ''گزشتہ دو سالوں میں ہم یہاں آئے ہیں اور ٹی 20 میچ کھیلے ہیں۔ ہم نے اچھی منصوبہ بندی کی۔ ہم نے خود کو ان حالات کے مطابق ڈھال لیا جو ہمارے سامنے پیش کیے گئے تھے۔ ہم جانتے تھے کہ ہماری باؤلنگ لائن اپ اس میچ کو بچا لے گی۔ سب آکر اپنا کام کررہے تھے۔ یہ وہ چیز ہے جس کے بارے میں ہم بات کرتے رہتے ہیں''۔

جسپریت بمراہ نے اس میچ میں 4 اوورز میں 7 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔ ان کی تعریف کرتے ہوئے روہت نے کہا- ہم جانتے ہیں کہ بمرا ہمارے لیے کیا کرسکتے ہیں۔ ہمارے لیے یہ ضروری ہے کہ ہم ان کو سمجھداری سے استعمال کریں۔ وہ ذمہ داری لینے کو بھی تیار ہے۔ وہ جہاں بھی کھیلتا ہے، ذمہ داری لینے کے لیے ہمیشہ تیار رہتا ہے۔ مجھے حالات کا اندازہ لگانا تھا۔ اپوزیشن کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم کسی بھی قسم کی تبدیلی کے لیے تیار ہیں۔ ہم نے سوچا کہ تین اسپنرز اچھے ہوں گے، تو ہم نے ایسا ہی کیا۔ اگر مزید ضرورت پڑی تو میں تین تیز گیند بازوں کو کھیلنے کے لیے تیار ہوں۔

مسٹر 360 ڈگری کے نام سے مشہور سوریہ کمار یادو کی شاندار نصف سنچری کے بعد ہندوستان نے گیند بازوں کی شاندار کارکردگی کی بدولت افغانستان کو 47 رنز سے شکست دے دی۔ ہندوستان نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 8 وکٹوں پر 181 رنز بنائے۔ سوریہ کمار نے 28 گیندوں پر 53 رنز بنائے جبکہ ہاردک پانڈیا نے 24 گیندوں پر 32 رنز بنائے۔ افغانستان کی اننگز 134 رنز پر سمٹ گئی۔ سوریہ کمار یادو کو میچ کا بہترین کھلاڑی بھی قرار دیا گیا۔ ٹیم کے کپتان روہت شرما نے سوریہ کی بھی جم کر تعریف کرتے ہوئے کہا کہ یادو اکثر مشکل حالات میں مددگار ثابت ہوا ہے۔ اس کی بلے بازی سے ہم پوری طرح مطمئن ہیں۔ آپ کو بتادیں کہ افغانستان کے خلاف میچ میں تیز گیند باز محمد سراج کو موقع نہیں دیا گیا۔

ٹیم انڈیا نومبر میں جنوبی افریقہ کا دورہ کرے گی

چار میچوں کی ٹی-20 سیریز کا آغاز 8 نومبر سے ہوگا

جوہانسبرگ (ایجنسیاں) ہندوستان اس سال نومبر میں ایک مختصر چار میچوں کی ٹی 20 بین الاقوامی سیریز کے لیے جنوبی افریقہ کا دورہ کرے گا۔ کرکٹ جنوبی افریقہ (سی ایس اے) اور بورڈ آف کنٹرول فار کرکٹ ان انڈیا (بی سی سی آئی) نے جمعہ کو ایک مشترکہ بیان میں اس کا اعلان کیا۔

سی ایس اے کے جاری کردہ شیڈول کے مطابق سیریز کا آغاز 8 نومبر کو ڈربن کے کنگس میڈ اسٹیڈیم میں ہوگا۔ اس کے بعد 10 نومبر کو گکبرہا، 13 نومبر کو سنچورین اور 15 نومبر کو جوہانسبرگ میں میچز کھیلے جائیں گے۔ سی ایس اے کے چیئرپرسن لاسن نائیڈو نے بیان میں کہا، ''میں جنوبی افریقی کرکٹ کی مسلسل حمایت کے لیے بی سی سی آئی اور ورلڈ کرکٹ کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا۔ ہندوستانی کرکٹ ٹیم کا ہماری سرزمین پر دورہ ہمیشہ ہی دلچسپ ہوتا ہے۔ میں جانتا ہوں کہ ہمارے شائقین اس سیریز کے منتظر ہوں گے جو دونوں ٹیموں کے ٹیلنٹ کا مظاہرہ کرے گی۔''

بی سی سی آئی کے سکریٹری جے شاہ نے کہا، ''ہندوستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان ہمیشہ مضبوط تعلقات رہے ہیں جس پر دونوں ممالک کو فخر ہے۔ ہندوستانی کرکٹ ٹیم کو ہمیشہ جنوبی افریقی شائقین کی جانب سے پذیرائی اور پیار ملا ہے اور یہی رویہ ہندوستانی شائقین کی جانب سے جنوبی افریقی ٹیم کے ساتھ بھی دیکھنے کو ملتا ہے۔''

ٹی-20 ورلڈ کپ 2024 کی پہلی ہیٹ ٹرک پیٹ کمنز کے نام

فلوریڈا (یو این آئی) آسٹریلیا کے کپتان پیٹ کمنز نے ٹی 20 ورلڈ کپ 2024 کے سپر ایٹ مرحلے میں بنگلہ دیش کے خلاف ہیٹ ٹرک مکمل کر کے ریکارڈ بک میں اپنا نام درج کروادیا۔

کھیلوں کی ویب سائٹ کرک انفو کے مطابق انٹیگوا کے شہر نارتھ ساؤنڈ میں ٹی 20 ورلڈ کپ کے سپر ایٹ مرحلے کے دوران آسٹریلیا کے کپتان پیٹ کمنز نے بنگلہ دیش کے خلاف ہیٹ ٹرک مکمل کی اور یوں وہ مختصر فارمیٹ کے ورلڈ کپ میں ہیٹ ٹرک کرنے والے دوسرے آسٹریلوی باؤلر بن گئے۔

پیٹ کمنز کی ہیٹ ٹرک ٹی 20 ورلڈ کپ 2024 کی پہلی ہیٹ ٹرک ہے، جب کہ مجموعی طور پر ٹی 20 ورلڈ کپ کی تاریخ میں یہ کارنامہ ساتویں بار انجام دیا گیا۔ اس فہرست میں آسٹریلیا اور آئرلینڈ کے 2، 2 باؤلر شامل ہیں، جب کہ سری لنکا، متحدہ عرب امارات اور جنوبی افریقہ کا ایک ایک کھلاڑی موجود ہے۔

پیٹ کمنز سے پہلے آسٹریلیا کے فاسٹ باؤلر بریٹ لی نے 2007 میں ہونے والے ٹی 20 کے افتتاحی ورلڈ کپ میں یہ کارنامہ بنگلہ دیش کے خلاف ہی انجام دیا تھا۔ اس کے علاوہ، 2021 کے ٹی 20 ورلڈ کپ میں آئرلینڈ کے کرٹس کیمفر نے نیدرلینڈ کے خلاف، سری لنکا کے ونندو ہسارنگا نے جنوبی افریقہ کے خلاف اور پروٹیز فاسٹ باؤلر کگیسو رباڈا نے انگلینڈ کے خلاف ہیٹ ٹرک مکمل کی۔

آسٹریلیا میں ہونے والے 2022 کے ٹی 20 ورلڈ کپ میں آئرلینڈ کے جوش لٹل نے نیوزی لینڈ کے خلاف اور متحدہ عرب امارات کے کارتک میاپن نے سری لنکا کے خلاف ہیٹ ٹرک کا اعزاز حاصل کیا۔

میچ کے بات اپنی ہیٹ ٹرک سے متعلق پوچھے گئے سوال پر پیٹ کمنز نے کہا کہ وہ بالکل بھول گئے تھے کہ یہ ان کی ہیٹ ٹرک بال ہے، کیوں کہ پچھلے اوور کی آخری دو گیندوں پر دو وکٹیں حاصل کرنے کے بعد جب وہ اگلا اوور کروانے آئے تو یہ بات ان کے ذہن سے نکل چکی تھی لیکن جب اسکرین پر ہیٹ ٹرک بال لکھی تھی تو پھر انہیں خیال آیا۔ یاد رہے کہ بنگلہ دیش کے خلاف پہلے باؤلنگ کرتے ہوئے پیٹ کمنز نے 18 ویں اوور میں دو وکٹیں حاصل کیں اور پھر 20 ویں اوور کی پہلی گیند پر وکٹ حاصل کر کے اپنی ہیٹ ٹرک مکمل کی۔

آسٹریلیا نے پیٹ کمنز کی 3 اور ایڈم زمپا کی 2 وکٹوں کی بدولت بنگلہ دیش کو 140 رنز تک محدود کیا اور پھر بارش سے متاثرہ میچ میں ڈک ورتھ لوئس سسٹم کے تحت 28 رنز سے کامیابی حاصل کی۔

پیٹ کمنز نے آئی سی سی مینز کرکٹر آف دی ایئر کا ایوارڈ حاصل کرلیا

دبئی (یو این آئی) آسٹریلیا کے ٹیسٹ اور ون ڈے کپتان پیٹ کمنز کو آئی سی سی مینز کرکٹر آف دی ایئر 2023 جیتنے پر سر گارفیلڈ سوبرز ٹرافی دیا گیا۔ سرویوین رچرڈز اسٹیڈیم میں سابق آسٹریلوی لیجنڈری بلے باز رکی پونٹنگ نے یہ ٹرافی آسٹریلیا کے ٹیسٹ اور ون ڈے کپتان پیٹ کمنز کے حوالے کی۔ آسٹریلوی کپتان پیٹ کمنز کا سال 2023 شاندار رہا، انہوں نے 24 میچز میں 59 وکٹیں لیں اور 422 رنز اسکور کیے اور ساتھ ہی ٹیسٹ چیمپئن شپ اور ورلڈ کپ ٹرافی جیتنے میں بھی کامیاب ہوئے۔

بابر اور رضوان کے سینٹرل کنٹریکٹ کی اے کیٹیگری سے باہر ہونے کا خدشہ

لاہور (یو این آئی) ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں پاکستان کی ناقص کارکردگی کے بعد

کپتان بابر اعظم اور محمد رضوان کا سینٹرل کنٹریکٹ اے کی کیٹیگری سے باہر ہونے کا خدشہ ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کے ذرائع کے مطابق نئی سلیکشن کمیٹی بھی مختصر ہوگی جو سینٹرل کنٹریکٹ کو حتمی شکل دے گی تاہم کھلاڑیوں کے معاضے کم نہیں ہوں گے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ نئے سینٹرل کنٹریکٹ پر کام جاری ہے، بنگلا دیش کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں شان مسعود کپتان اور بابر بطور بیٹر کھیلیں گے۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ اس کے علاوہ محمد رضوان کا ٹیسٹ اسکواڈ میں جگہ بنانا مشکل ہے۔

آئی سی سی چمپئنز ٹرافی کے شیڈول کو حتمی شکل دینے کی تیاری

لاہور (ایجنسیاں) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) چیمپئنز ٹرافی کا شیڈول آئندہ ہفتے دیگر بورڈز سے شیئر کرے گی۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے چند ہفتے قبل چیمپئنز ٹرافی کا شیڈول آئی سی سی کو بھجوایا تھا۔ آئی سی سی نے شیڈول کا تفصیلی جائزہ لیا اور پی سی بی کے شیڈول میں ردو بدل نہیں کیا۔ ذرائع کے مطابق 19 فروری سے 9 مارچ تک پاکستان میں ہونے والی چیمپئنز ٹرافی کا شیڈول آئی سی سی دیگر 7 ممالک کو اب بھجوائے گا۔ پاکستان کی میزبانی میں ہونے والے اس میگا ایونٹ میں آسٹریلیا، انگلینڈ، بھارت، جنوبی افریقا، بنگلا دیش، نیوزی لینڈ اور افغانستان شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق ہندوستانی کرکٹ ٹیم کے میچز لاہور میں رکھے گئے ہیں جبکہ ایونٹ کا فائنل بھی لاہور میں ہی ہوگا۔ ذرائع کے مطابق پی سی بی کو ہندوستانی ٹیم کے پاکستان آنے سے متعلق مثبت اشارے مل رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق ہندوستان کی جانب سے اب تک کسی باضابطہ پلیٹ فارم پر پاکستان نہ آنے کی بات نہیں ہوئی جبکہ دیگر ممالک کی ٹیمیں پاکستان آکر سیریز کھیل چکی ہیں۔ ذرائع کے مطابق دیگر ممالک پاکستان میں شیڈول کے مطابق چیمپئنز ٹرافی کے انعقاد کے خواہشمند ہیں۔

اٹلی کو شکست دے کر اسپین یورو کپ کے اگلے مرحلے میں داخل

برلن (یو این آئی) یورو کپ فٹ بال کے مقابلے میں اسپین نے اٹلی کو ایک صفر سے شکست مات دیدی، اسپین کو برتری کھیل کے 55 ویں منٹ میں ملی۔

اٹلی کے کھلاڑی ریکارڈو کیلا فیوری نے گیند اپنے ہی جال میں پہنچادی۔ جس کا اسپین نے بھرپور فائدہ اُٹھایا، اسپین کی اون گول کی برتری کھیل کے اختتام تک برقرار رہی۔ میچ کے 55 ویں منٹ میں ہونے والے اس گول کے بعد اٹلی کی ٹیم نے آخری تک واپسی کی سخت جدوجہد کی تاہم ہسپانوی دفاع کو توڑنے میں ناکام رہی۔ گروپ بی میں موجود اسپین کی ٹیم کی یہ دوسری کامیابی ہے۔ جس کے بعد اس کے 6 پوائنٹس ہوگئے اور ٹیم اگلے مرحلے میں جگہ بنانے میں بھی کامیاب ہوگئی ہے۔

اس سے قبل جمعرات کو گروپ سی کے ایک اور میچ میں سربیا نے انجری ٹائم میں متبادل کھلاڑی لوکا جووک کے گول کی بدولت سلووینیا کو 1-1 سے برابر کردیا۔ سلووینیا کے جان کارنک نے 69 ویں منٹ میں گول کرکے اپنی ٹیم کو برتری دلائی تاہم سربیا کے لوکا جووک نے انجری ٹائم میں گول کر کے اسکور 1-1 سے برابر کردیا۔

اسی روز سوئٹزرلینڈ اور اسکاٹ لینڈ کے درمیان کھیلے گئے میچ میں سوئٹزرلینڈ نے زہردان شکیری کے شاندار گول کی بدولت میچ 1 - 1 سے برابر کردیا۔ اسکاٹ لینڈ کی جانب سے فیبیان شر نے 13 ویں منٹ میں اسکاٹ میک ٹومینے کے گول سے برتری حاصل کی۔ سوئٹزرلینڈ کے شکیری نے 26 ویں منٹ میں گول کرکے اسکور 1-1 سے برابر کردیا۔

دوسری جانب یورو کپ 2024 میں فرانسیسی ٹیم کے کپتان ایمباپے زخمی ہوگئے وہ ہیڈ شاٹ لگانے کی کوشش میں حریف کھلاڑی کے کندھے سے ٹکرا گئے۔

جرمنی میں کھیلے جا رہے یورو کپ 2024 کے سلسلے میں ڈسلڈورف میں آسٹریلیا کے خلاف میچ میں فرانسیسی ٹیم کو اس وقت بڑا نقصان اٹھانا پڑا، جب ٹیم کے کپتان اور فارورڈ کائلیان ایمباپے ہیڈ شاٹ لگانے کی کوشش کے دوران حریف کھلاڑی کے کاندھے سے ٹکرا گئے جس کے نتیجے میں ان کی ناک کی ہڈی ٹوٹ گئی۔

یہ چوٹ اتنی شدید تھی کہ ایمباپے کی ناک سے خون بہنے لگا جب کہ کھلاڑی کو طبی امداد کے لیے فوری طور پر قریبی اسپتال لے جایا گیا۔

بارش سے متاثرہ میچ میں آسٹریلیا نے بنگلہ دیش کو 28 رن سے دی شکست

نارتھ ساؤنڈ (یو این آئی) پیٹ کمنز کی شاندار گیند بازی اور پھر ڈیوڈ وارنر (53) کی طوفانی بلے بازی کی بدولت آسٹریلیا نے بارش سے متاثرہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے سپر ایٹ گروپ کے ایک کے میچ میں بنگلہ دیش کو ڈک ورتھ لوئس ضابطے کے تحت 28 رن سے شکست دی۔ آسٹریلیا نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کا فیصلہ کیا۔ بیٹنگ کے لیے آنے والے بنگلہ دیش نے کپتان نظم الشانتو 36 گیندوں میں (41) اور محمد توحید ہردوئے نے 28 گیندوں پر 40 رن کی اننگز کی بنیاد پر آٹھ وکٹوں پر 140 رن بنائے۔ لٹن کمار داس (16) رن بنانے کے بعد آؤٹ ہوئے۔ تسکین احمد سات گیندوں پر 13 رن بنانے کے بعد ناٹ آؤٹ رہے۔ پیٹ کمنز اور ایڈم زمپا نے شاندار بالنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے بنگلہ دیش کے بلے بازوں کو باندھے رکھا۔ آسٹریلیا کی جانب سے پیٹ کمنز نے تین وکٹ حاصل کیے۔ ایڈم زمپا نے دو وکٹ، مچل اسٹارک، مارکس اسٹوئنس اور گلین میکسویل نے ایک ایک بلے باز کو آؤٹ کیا۔

آسٹریلیا نے 141 رن کے ہدف کے تعاقب میں اچھی شروعات کی۔ ڈیوڈ وارنر اور ٹریوس ہیڈ کی اوپننگ جوڑی نے پہلے وکٹ کے لیے 65 رن جوڑے۔ ساتویں اوور میں رشاد حسین نے ٹریوس ہیڈ کو بولڈ کر کے بنگلہ دیش کو پہلی کامیابی دلائی۔ ہیڈ نے 21 گیندوں میں تین چوکوں اور دو چھکوں کی مدد سے 31 رن بنائے۔ اس کے بعد بیٹنگ کیلئے آنے والے کپتان مچل مارش (1) پر آؤٹ ہوکر پویلین لوٹ گئے۔ بارش کے باعث 12 اوورز میں کھیل روکے جانے تک آسٹریلیا نے دو وکٹوں پر 100 رن بنالئے تھے۔ بارش کی وجہ سے کھیل دوبارہ شروع نہیں ہوسکا اور آسٹریلیا کو ڈک ورتھ لوئس ضابطے کے تحت 28 رن سے فاتح قرار دیا گیا۔ بنگلہ دیش کی جانب سے رشاد حسین نے دو بلے بازوں کو آؤٹ کیا۔

میرابائی چانو کا اولمپکس سے قبل انجری سے پاک رہنے کا عزم

پیرس گیمز میں چوٹوں کو سنبھالنا اور تناؤ پر قابو رکھنا اہم ہوگا: ہندوستانی ویٹ لفٹر

نئی دھلی (ایجنسیاں) اولمپک چاندی کا تمغہ جیتنے والی ویٹ لفٹر میرابائی چانو کا خیال ہے کہ پیرس گیمز میں ان کی کامیابی انجری سے پاک رہنے کی صلاحیت پر منحصر ہوگی کیونکہ وہ اس میگا ایونٹ کے اسنیچ ایونٹ میں 90 کلو وزن اٹھانے کی کوشش کریں گی۔

چانو 49 کلوگرام وزن کے زمرے میں مقابلہ کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 7 اگست کو ہونے والے ان کے مقابلے تک، ان کی توجہ اپنے مسلز کو انجری سے پاک رکھنے اور اسنیچ میں کم از کم 90 کلو وزن اٹھانے کی اپنی تکنیک کو بہتر بنانے پر ہے۔ چانو نے اسپورٹس اتھارٹی آف انڈیا (سائی) میڈیا کو بتایا، ''میرے لیے چوٹوں کو سنبھالنا اور تناؤ سے پاک رہنا اہم ہوگا۔ مجھے وہی چیزیں کرنی ہیں جنہوں نے مجھے صحت یاب ہونے میں مدد کی۔''

انہوں نے کہا ''انجری اور درد ہمارے کھلاڑیوں کے ساتھی ہیں۔ آپ کبھی نہیں جانتے کہ وہ آپ کو کب پریشان کرنا شروع کر دیں گے۔ ہم ان پر قابو پالیں گے اور پیرس اولمپکس دکھائے گا کہ میں کھیل کے ان پہلوؤں کو کس حد تک کنٹرول کرنے میں کامیاب رہی ہوں۔'' اسنیچ میں چانو کا ذاتی بہترین وزن 88 کلوگرام اور کلین اینڈ جرک میں 119 کلوگرام ہے۔ وہ زخموں سے نبرد آزما رہی ہے اور اسے ہمیشہ کمر کے مسائل کا سامنا رہا ہے۔ وہ ایشین گیمز میں کولہے کی چوٹ سے پریشان تھیں جس نے انہیں پانچ ماہ تک کھیل سے دور رکھا۔

چانو اور ان کی ٹیم جولائی کے پہلے ہفتے میں فرانس کے لی فیرٹ ملون جائیں گی، جس سے انہیں اولمپکس سے قبل حالات کے مطابق ایڈجسٹ ہونے کے لیے ایک ماہ کا وقت ملے گا۔

اوڈیشہ حکومت نے ہاکی انڈیا کے ساتھ معاہدے کو 2036 تک بڑھادیا

بھونیشور (ایجنسیاں) ہاکی کو فروغ دینے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے، اوڈیشہ کی نو منتخب بی جے پی حکومت نے ہاکی انڈیا کے ساتھ اسپانسرشپ کے معاہدے کو 2036 تک بڑھادیا ہے۔ سال 2036 اوڈیشہ کے لیے خاص اہمیت کا حامل ہے، کیونکہ اس کے بعد یہ اپنے قیام کے 100 سال مکمل کر لے گا۔ اوڈیشہ 1936 میں ایک آزاد ریاست بنا تھا۔ شراکت داری پر ہاکی انڈیا کے صدر دلیپ ٹرکی، جنرل سکریٹری بھولا ناتھ سنگھ، اوڈیشہ کے وزیر اعلیٰ موہن چرن ماجھی، اسپورٹس اور یوتھ منسٹر سوریا ونشی سورج، چیف سکریٹری اور چیف ڈیولپمنٹ کمشنر پردیپ کمار جینا اور کمشنر کم سکریٹری آر کی موجودگی میں دستخط کیے گئے۔ ونیل کرشنا نے ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ میں اس کا باقاعدہ اعلان کیا۔ ٹرکی نے بیان میں کہا، ''ہم نے اوڈیشہ کے وزیر اعلیٰ موہن چرن ماجھی اور اسپورٹس اینڈ یوتھ منسٹر سوریا ونشی سورج کے ساتھ بامعنی ملاقات کی۔ ہم نے اپنے پیارے کھیل کو نئی بلندیوں تک لے جانے کے لیے کھیلوں کی ترقی اور حکمت عملی پر تبادلہ خیال کیا''۔ بھولناتھ نے کہا، ''اوڈیشہ حکومت کی حمایت ہندوستانی ہاکی کے لیے انمول رہی ہے۔ ہاکی انڈیا کے ساتھ شراکت کو 2036 تک بڑھانے پر غور کرنے کا فیصلہ کھیل کو فروغ دینے اور نوجوانوں کی ترقی کے تئیں ان کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔''

ہندوستان پر فٹ بال قید ہوکر رہ گئی ہے: اسٹیمک

سابق فٹ بال کوچ نے ایک بار پھر کلیان چوبے کو بنایا نشانہ

نئی دھلی (ایجنسیاں) ہندوستان کے برطرف فٹ بال کوچ ایگور اسٹیمک نے جمعہ کو آل انڈیا فٹ بال فیڈریشن (اے آئی ایف ایف) کے صدر کلیان چوبے پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ جتنی جلدی استعفیٰ دیں گے، ملک میں فٹ بال کے مستقبل کے لیے اتنا ہی بہتر ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کا مقبول ترین کھیل ان کی نگرانی میں اس ملک میں بالکل نہیں بڑھ رہا ہے۔ فیفا ورلڈ کپ کوالیفائر کے تیسرے راؤنڈ میں ٹیم کی ناکامی کے بعد پیر کو اسٹیمک کو ہیڈ کوچ کے عہدے سے برطرف کر دیا گیا تھا۔ ایک دن بعد، کروشیا کے سابق کھلاڑی نے دھمکی دی کہ اگر ان کے واجبات 10 دن کے اندر ادا نہ کیے گئے تو وہ اے آئی ایف ایف کے خلاف فیفا ٹریبونل میں مقدمہ دائر کریں گے۔

اسٹیمک نے جمعہ کو ایک آن لائن پریس کانفرنس میں کہا کہ ہندوستانی فٹ بال 'قید' ہے اور کھیل کو متاثر کرنے والے زیادہ تر مسائل کے لیے چوبے کو مورد الزام ٹھہرایا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ وہ اپنے دور حکومت میں 'جھوٹ اور ادھورے وعدوں سے تنگ آچکے ہیں'۔ اسٹیمک نے کہا، ''کلیان چوبے جتنی جلدی اے آئی ایف ایف چھوڑیں گے، اتنا ہی ہندوستانی فٹ بال کے لیے بہتر ہوگا۔'' انہوں نے کہا، ''فٹبال دنیا کا سب سے مقبول کھیل ہے، لیکن ہندوستان ہی وہ جگہ ہے جہاں فٹبال نہیں بڑھ رہا ہے''۔ اسٹیفن کانسٹینٹائن کی جگہ مارچ 2019 میں ٹیم کا ہیڈ کوچ بننے والے اسٹیمک کو اس ماہ کے شروع میں ورلڈ کپ کوالیفائر کے دوسرے راؤنڈ کے آخری میچ میں قطر کے خلاف ہندوستان کی شکست کے چند دن بعد برطرف کردیا گیا تھا۔

اسٹیمک کروشیا کی ٹیم کا حصہ تھے جس نے 1998 کے فیفا ورلڈ کپ میں کانسہ کا تمغہ جیتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ انہیں کیریئر میں پہلی بار کوچ کے عہدے سے برطرف کیا گیا ہے۔ سابق کھلاڑی نے کہا ''میرے کیریئر میں، مجھے آج تک کبھی نہیں نکالا گیا۔ یہ پہلی بار ہوا ہے اور یہ غلط تھا۔ میں نے اے آئی ایف ایف کو اپنے جواب میں اس کا ذکر کیا ہے۔''